# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 17, 2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈی ٹی ایچ ایم میں سیاحت کے عالمی دن کو جوش وخروش کے ساتھ منایا جائے گا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا شعبہ ٹورزم اینڈ ہاسپٹالیٹی مینجمنٹ (ڈی ٹی ایچ ایم) مورخہ ستائیس ستمبر دو ہزار چوبیس کو 'ٹورزم اینڈ پیس' کے مرکزی خیال کے ساتھ سیاحت کے عالمی دن کو انتہائی اہتمام سے منائے گا۔اس سال کے پروگرام کو انڈین ٹورزم (شمال) وزارت سیاحت، حکومت ہند کا تعاون حاصل ہے۔اس موقع پر شعبے نے متعدد پروگراموں کے انعقاد کا منصوبہ بنایا ہے جس میں امن اور بھائی چارے کے فروغ کے سلسلے میں سیاحت کے رول پر توجہ مرکوز ہوگی۔

اس موقع پر تین اہم پروگرام ہوں گے:

ایک۔ٹورزم راؤنڈ ٹیبل: یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات اور مراکز کے فیکلٹی اراکین 'پیس تھرو ٹورزم' کے موضوع پر منعقد ہونے والے مباحثے لیے گول میز مباحثے میں مدعو ہیں۔اجلاس میں ان چیلنجز پر گفتگو ہوگی جن سے آج دنیا دوچار ہے اور انفرادی، سماجی، ماحولیاتی اور بین الاقوامی سطح پر امن کے فروغ کے لیے سیاحت سے کیا مدد مل سکتی ہے اسے دریافت کرنے کی کوشش ہوگی۔

دو۔جامعہ بریانی لیگ: پکوانوں کا ایک دوستانہ جشن اور تہوار بھی ہوگا جس میں مختلف شعبہ جات کے اساتذہ علاقائی بریانی تیار کرنے کی اپنی طباخی کی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔یہ پروگرام جامعہ کی متنوع برادری کا جشن ہے اور تہذیبی و ثقافتی لین دین کا ایک خوشگوار موقع ہوگا۔پکوان کے مقابلے میں ٹیمیں اپنے شعبوں کے ٹریننگ باورچی خانے میں بریانی تیار کریں گے۔

تین۔لینسیس فار لائف۔فوٹوگرافی مقابلہ: اس دن ہونے والے پروگراموں کو کیمرے میں قید کرنے کے لیے طلبا مدعو ہیں۔'ٹورزم اینڈ پیس' اور 'رنگ برنگے پکوان' کے دو مرکزی خیالوں پر یہ مقابلہ ہوگا۔جامعہ میں امن کے جشن کو تخلیقیت کے ساتھ ریکارڈ کرنے کے لیے یہ مقابلہ طلبا کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

یہ مقابلے سیاحت کے نقطہ نظر سے امن اور اخوت و بھائی چارے کے فروغ کے جشن کے لیے کی جانی والی شعبے کی کوششوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔جشن سے متعلق پروگرام انڈین ٹورزم (شمال)،حکومت ہند کی جانب سے حاصل تعاون و امداد کے ساتھ یوا ٹورزم کلب آف دی ڈپارٹمنٹ 'میزبان سیاح' کے زیر اہتمام ہوں گے۔ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نصرت یاسمین (موبائل نمبر 9917780274) اجے موریا (7988967902)، شیف سدھارتھ (9013545021) ڈاکٹر ماہویا رائے (8826899584) ہیں۔

مزید معلومات کے لیے براہ کرم: شعبہ سیاحت اور ہاسپٹالیٹی مینجمنٹ، جامعہ ملیہ اسلامیہ سے رابطہ کریں۔

تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی